بہترین شاہکار

آج اور کل

आज और कल

اداکاران
بھارت بھوشن۔ نندا
اشوک کمار

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانا نمبر ۱ چاند میرے آجا کے لی

تیری آنکھوں میں پیار میں نے دیکھ لیا
گوری تو لاکھ چھپا
تو بھی ہے بیقرار میں نے دیکھ لیا
بتیاں نہ بات بنا
جھکی جھکی پلکیں اُٹھاؤ ذرا گوری
انکھیاں نہ ڈالو بتیاں انکھیوں میں موری
اب تو ہیں جان گیا گوری تیری چوری
دھیرے دھیرے چلنا یہ راہیں انجانی
بچپن بیتا کیسے بیتے گی جوانی
میں ہوں نادان میں نہ جانوں یہ کہانی
کاہے تیری نیناں لگے ہیں بڑی پیاری
میں نے بھی تو تیرے لیئے سدھ نے لباری
اس کو ہی پیار کہیے دنیا یہ ساری

گانا نمبر ۲

ہائے رے ذرا دیکھو ہو گوری مڑ کے
ہم بھی تو کھڑے رستے میں
تھوڑا سا ہی پاس ہمکو بلاؤ نا
سر دو تو خیال ایسے ٹھکراؤ نا

نظروں کے مارے ہیں ہم تو بچارے ہیں
کب سے پڑے ہیں رستے میں
کتنے ہی ناز، کتنی ادائیں ہیں
دِل تو ہے ایک لاکھوں ہی بلائیں ہیں
مارا پھروں تب سے تیرے سنگ جب سے
نیناں لڑے ہیں رستے میں
تیرے لئے لاکھ گالیاں بھی کھائی ہیں
سر پہ ہزار آفتیں اُٹھائی ہیں
سب نے ستایا ہے تُو نے بھی رُلایا ہے
پھر بھی پڑے ہیں رستے میں

گانا نمبر ۳:-

چاند کو دیکھو جی منتی لٹائے
جادو جگائے دِل میں ہمارے رے
چاند یہ کہتا ہے دھرتی کی رانی
منتی جوانی کے دِن ہیں تمہارے رے
پہلی نظر یا توری دِل میرا لے گئی گوری
ہم نے لٹا دی دُنیا اور تم نے لگا دی چوری
بات یہ کیسی ہے کیوں نہ بتاؤ
ہم تو سجن ہیں نینوں کے مارے رے
چاند کو ـــــ
رات ہے بھیگی بھیگی اور ساتھ ہے ساجن تیرا

میری تمنا یہ ہے اب ہو نہ کبھی سویرا
رات یہ تیری ہے تاروں کی ٹولی
نیل گگن سے یہ ہی پکارے رے
دِل دِل سے کہدیگا ہم مُنہ سے نہ بولیں گے
دھڑکن میں ہوں باتیں ہم نیناں نا کھولیں گے
چاند میرے آجا رے تھاما دِل ہے
میرا پیارا دِل ہے بس میں تمہارے رے

گانا نمبر ۔

او پیسے والو کیسا تمہارا یہ سنسار ہے
جھوٹے کی جیت یہاں سچے کی ہار ہے
سجے سجائے بازار سجا کر ۔ گلی گلی میں ڈھول بجا کر
ہونا پھلا بیٹی بنتے ۔ گن گن کے پیسے پورے لیتے
کبھی سودا جان کا سودا ۔ ہوتا ہے ایمان کا سودا
جوانی بیٹا بک جاتا ہے ۔ موت اور جینا بک جاتا ہے
پوچھ رہا ہوں تم سے بولو کیسا یہ بیوپار ہے ۔ او پیسے ۔
شوق سے لو اہیں لے لو ۔ حسرت لیلو چاہیں لیلو
ہیرے کا ایک ٹکڑا اپنا کو ۔ ٹوٹے دِل کی دعائیں لیلو
گورے گورے گال ہیں بکتے ۔ کالے کالے بال ہیں بکتے
میری جوانی بکے بڑھاپا ۔ سب کچھ تمہارے گھر ہو فاقہ
ہو نہ سکے ہو دنیا ساری ۔ اس پر بھی تکرار ہے

او پیسے والو ۔

سپنوں کی دنیا کو چھوڑ دو۔ اصلیت سے منہ نہ موڑ دو
کب تک جھوٹی شان رہے گی۔ دو دن تو یہ جان رہے گی
ساز سمیر کا بول رہا ہے۔ راز یہ سارے کھول رہا ہے
جو نر دھن ہیں جو بے گھر ہیں۔ وہ بھی کاتی طاقت در ہیں
کاٹھ کی ہانڈی جل کے رہے گی۔ کھوٹا یہ بیوپار ہے
او بیچنے والو ...

گانا نمبر ۵: —

پھولوں پہ نکھار ہے بہار پہ بہار ہے
آجا قسم تو ہے پیار کی
تیرے لئے لائی تیاں گیت یں سہانے
گھر سے میں آئی کر کے لاکھوں بہانے
من میں ہیں چاہیں تیری دیکھوں میں راہیں تیری
ظلمی گھڑی ہے انتظار کی
بن کے جوگنیا میں آئی تیرے دوارے
دل بھی کٹایا میں نے نیناں بھی ہارے
سن لے کہانی میری میں ہوں دیوانی تیری
جب سے نظر تو سے چار کی
من میرا بولے پیا آئیگا تو آئیگا
لائیگا بہاریں میری دنیا سجائے گا
دل میں تصویر تیری تو ہے تقدیر میری
میں نے تو بازی ساری ہار دی

گانا نمبر ٦ :-

سجنا سجنا کاہے بھول گیئے دن پیار کے
سجنا میں تو ہار گئی رے پکار کے
بیٹھی رہی میں پیہنے سجا کے
بندیا لگا کے پیا مہندی رچا کے
ترس نہ کھایا تو نے گیا تڑپا کے
باٹ تکوں میں سانجھ سویرے
اوروں کی راتیں میرے دن بھی اندھیرے
سارا جگ سُونا سُونا لاگے بن تیرے
دُنیا نے تو درد نہ جانا
تو بھی کاہے مجھ سے بیگانا

گانا نمبر ۷ :-

راہوں میں تیری نینیاں بچھائے
تیری ہی منزل مجھ کو بلائے
آئے ہیں در پہ تیرے
آجی تیرے چاہنے والے
دُنیا مُلک میری مُنہ پھیر کے جانے والے
چاند میرے آجا رے ننھا سا دل ہے
بھولا سا دل بے بس ہیں تمہارے رے

ختم شُد

صنعت وحرفت ٹیکنیکل اور میکینک

دستکار اور مستری بنانے والی کتابیں

الیکٹرک گائیڈ	4/-/-	مونگرک گرام پاکٹ بک	-/12/-
موٹر گائیڈ	4/-/-	کپڑے رنگنے کا ہنر	2/8/-
ورکشاپ گائیڈ	3/-/-	مکمل فوٹوگرافی	2/9/-
کرومڈ اینمل	5/-/-	روشنائی سازی	2/-/-
تیل عطر سازی	2/-/-	شیشہ سازی	2/-/-
گھڑی سازی	2/8/-	خوبصورت بنو	1/8/-
ریڈیو گائیڈ	4/-/-	اچار مربے چٹنی	1/8/-
صابون سازی	1/8/-	باورچی خانہ	2/8/-
دستکر مادیز	6/-/-	مجموعہ فالنامہ	1/-/-
الیکٹرک وائرنگ	4/-/-	ٹرنکبر گائیڈ	4/-/-
خراد شکشا	3/-/-	فرنی پالش چوب	1/4/-
آئل انجن گائیڈ	3/-/-	کپڑے دھونے کا ہنر	2/-/-
تمباکو کی دکان	2/-/-	کاشتکاری باغبانی	4/-/-
بوٹ پالش بنانا	-/6/-	مکمل مرغی خانہ سہ حصہ	4/-/-
بیکری بسکٹ بنانا	2/-/-	سینما مشین آپریٹر	4/-/-
بغیر بجلی کا ریڈیو بنانا	1/8/-	دھوپ اگربتی بنانا	1/8/-

زین اینڈ کو پبلشرز دریبہ کلاں دہلی

دالہ آباد پریس دہلی